
**31st August, 2023**

# JAZZ LEADS WITH 39% MOBILE PHONE USERS SAYING THEY MOSTLY USE ITS SIM, 2ND WITH A MARGIN IS ZONG WITH 28%: GALLUP & GILANI PAKISTAN

موبائل فون صارفین میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی موبائل سمز میں جیز JAZZ 39%
شرح کےساتھ سرفہرست ہے ، جبکہ زونگ ZONG 28% شرح کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے ۔

Question: "Please tell us which company's mobile sim do you mostly use?"




*Don't know/No response :3%*

رائے عامہ سروے

## انفارمیشن ٹیکنالوجی

# موبائل فون صارفین میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی موبائل سمز میں جیز (Jazz) 39% شرح کے ساتھ سرفہرست ہے، جبکہ زونگ (Zong) 28% شرح کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔

(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،


(اسلام آباد)، 31 اگست، 2023

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، موبائل فون صارفین میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی موبائل سمز میں جیز (Jazz) 39% شرح کے ساتھ سرفہرست ہے، جبکہ زونگ (Zong) 28% شرح کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔

سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ زیادہ تر کس کمپنی کی موبائل سم استعمال کرتے ہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 39%جوابدہندگان کے مطابق وہ زیادہ تر موبی لنک/جیز (Mobilink / Jazz) کمپنی کی موبائل سم استعمال کرتے ہیں، 28%جوابدہندگان کے مطابق وہ زیادہ تر زونگ (Zong) کمپنی کی موبائل سم استعمال کرتے ہیں، 19% جوابدہندگان کے مطابق وہ زیادہ تر ٹیلی نور (Telenor) کمپنی کی موبائل سم استعمال کرتے ہیں ، جبکہ 12%جوابدہندگان کے مطابق وہ زیادہ تر یوفون (Ufone) کمپنی کی موبائل سم استعمال کرتے ہیں، تاہم 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ زیادہ تر کس کمپنی کی موبائل سم استعمال کرتے ہیں؟"**

**تصویر 1.1: گیلپ کے مطابق مختلف کمپنیوں کی استعمال کی جانے والی موبائل سم کے اعداد و شمار**





Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

# فروخت شدہ سمز اور ایکٹیو صارفین کی ڈیٹا بیس پر نوٹ

پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے مطابق، فروخت شدہ مکمل سمز اور 90 دن تک زیرِ استعمال رہنے والی سمز/ ایکٹیو صارفین کے لحاظ سے مختلف کمپنیوں کے اعداد و شمار کو تصویر 1.2 میں دیکھا جاسکتا ہے۔

**تصویر 1.2: پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے مطابق مختلف کمپنیوں کی استعمال کی جانے والی موبائل سم کے اعداد و شمار**

**سیلولر موبائل کے اعداد و شمار**




*Source: Pakistan Telecommunication Authority*


**نیچے دیے گئے چارٹ (تصویر 1.3) میں گیلپ کے اعداد و شمار اور پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے اعداد و شمار کا موازنہ:**

گیلپ کے اعداد و شمار اور پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے اعداد و شمار میں فرق مندرجہ ذیل عوامل پر مبنی ہے:

i. گیلپ سروے میں جواب دہندگان سے یہ پوچھا گیا کہ بتائیں وہ کس کمپنی کی سم سب سے زیادہ استعمال کرتے ہیں، جبکہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے اعداد و شمار فروخت ہونے والی سم کو ظاہر کرتے ہیں۔ لوگ ایک سے زیادہ سم رکھتے ہیں، جو ایک ہی موبائل کمپنی یا کسی اور کمپنی کی بھی ہو سکتی ہیں۔

ii. سروے میں غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±5-6% لگایا گیا ہے۔

## تصویر 1.3: گیلپ سروے اور پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے اعداد و شمار کا موازنہ




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 929 مرد و خواتین سے 7 جولائی 2023 تا 16 جولائی 2023 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2± % لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

### آج کے دن کے اعداد و شمار

**8% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ وہ ریڈیو سنتے ہیں، اور 4% پاکستانیوں کے مطابق وہ ریڈیو پاکستان سنتے ہیں۔**

**81% پاکستانی گھرانے ریڈیو سنے بغیر ریڈیو کی فیس ادا کریں گے۔**

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, August 31st, 2023**

*(5 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2023

celebrating
43
years
of Gallup Pakistan
(1980-2023)